شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

27 ستمبر 2023ء

پریس ریلیز

افغانستان کی حکومت کو فی الفور تسلیم کیا جائے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): افغانستان کی حکومت کو فی الفور تسلیم کیا جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے نگران وزیر اعظم پاکستان کے اس بیان کہ افغانستان میں کوئی باضابطہ حکومت موجود نہیں، البتہ ایک گروپ کی اتھارٹی قائم ہے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے غیر ذمہ دارانہ بیانات کسی صورت میں بھی ملکی مفاد میں نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ افغان طالبان نے 20 سالہ جہاد کے بعد امریکہ کی سرکردگی میں طاغوتی قوتوں کو اپنے ملک سے نکال باہر کیا اور افغانستان میں اپنی جائز اور قانونی حکومت قائم کی۔ امیر تنظیم نے کہا کہ خطے کی بدلتی ہوئی صورتِ حال کا ادراک کرتے ہوئے چین نے افغانستان میں اپنا سفیر تعینات کر کے اصولی طور پر افغان طالبان کی حکومت کو تسلیم کر لیا ہے۔ امیر تنظیم نے زور دے کر کہا کہ ہمیں بھی آزاد خارجہ پالیسی اختیار کرنی چاہیے۔ اپنے دینی و ملکی مفاد میں افغانستان کی اسلامی حکومت کو فی الفور تسلیم کر کے اس کے ساتھ سفارتی اور تجارتی تعلقات کو بحال کرنا چاہیے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان